وننزل من القرآن ما هو شفاء ورحمة للمؤمنين
ترجمہ: اور ہم قرآن سے وہ چیز نازل کرتے ہیں جو مومنوں کے لیے شفاء اور رحمت ہے
تحفۂ صندلیہ
روحانی و جسمانی امراض
اور
دینی و دنیاوی پریشانیوں
کے ازالہ کے لیے
بہترین تحفہ
افادات
نابغۃ العصر حضرت اقدس شیخ المشائخ جامع المحاسن رہبر شریعت طریقت مولانا سید محمود صندلی
المعروف صندل بابا جی
ناشر: مکتبۂ عرفان

فہرست

دوسرا باب

تعارف

ضلع دیر بالا کے ایک دور افتادہ، پسماندہ گاؤں میں شریعت، طریقت اور روحانیت کا ایک گمنام چشمۂ شیریں پوری آب و تاب کے ساتھ جاری ہوگا۔ اس تیز رفتار زمانے میں ایسا سوچنا بظاہر مشکل ہے۔ مگر اللہ تعالیٰ کی یہ دنیا عجائبات سے بھری پڑی ہے اور اللہ تعالیٰ جس پر چاہتا ہے اپنا خاص فضل فرماتا ہے۔

کیا اس زمانے میں سلسلہ قادریہ کا ایسا شیخ موجود ہے جس کے اور حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کے درمیان صرف گیارہ واسطے ہیں؟

کیا اس زمانے میں ایسا عالم دین موجود ہے جس کی تعلیمی خدمات کا سلسلہ ایک صدی پر پھیلا ہوا ہے؟

کیا اس زمانے میں ایسا اللہ والا موجود ہے جس کی جھولی سعادتوں سے بھری پڑی ہے۔ مگر وہ نام و نمود اور شہرت سے دور تواضع کا پیکر ہے؟

کیا اس زمانے میں ایسا مہمان نواز انسان موجود ہے جو ۱۲۳ سالہ بڑھاپے کے باوجود اپنے مہمانوں کی آؤ بھگت کو سعادت و عبادت سمجھتا ہے؟

کیا اس زمانے میں ایسے اللہ والے بزرگ موجود ہیں جن کا دروازہ ہر تشنہ لب سالک اور ہر پریشان حال مسلمان کیلئے کھلا ہے؟

جی ہاں! اللہ تعالیٰ کی زمین کبھی صادقین سے خالی نہیں رہتی۔ وہ خوش قسمت افراد جو اَلَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ کا مصداق ہیں ہر زمانے میں موجود رہتے ہیں۔ یہ اس امت محمدیہ (علی صاحبہا الف تحیات) کی خوش بختی ہے

کیونکہ یہ صاحب کوثر کی امت ہے اس امت کی خیر کثیر ہے اور یہ کبھی بانجھ نہیں ہوتی۔ ضلع دیر بالا کے علاقے واڑی کے ایک پسماندہ گاؤں ''صندل'' میں شریعت وطریقت کا یہ نورانی اور معطر چشمہ بحمداللہ تعالیٰ جاری ہے۔ حضرت مولانا سید محمود صاحب زید قدرہ کے ذریعے۔ جنہیں عرف عام میں صندل بابا جی کے محبوب نام سے یاد کیا جاتا ہے۔

آپ پشاور سے تیمرگرہ پہنچیں وہاں سے سوا گھنٹے کا ناہموار راستہ طے کر کے واڑی چلے جائیں واڑی سے جاگام کے پہاڑی سلسلے پر چڑھ جائیں، خوب پختہ سڑک ہے اور ہر گاڑی ٹیکسی ہے۔ جاگام سے تھوڑا آگے ایک علاقے کا نام کوہان شریف ہے۔ یہاں ایک بہت بڑا اللہ والا محو استراحت ہے، وہ اللہ والا جس کے نام کی دھاک طویل عرصے تک اس علاقے کو شیطان اور شیطنت سے پاک کرتی رہی۔ وہ اللہ والا جس نے انگریزوں سے ٹکر لی اور مفسدین کے خلاف جہاد کیا۔

اللہ تعالیٰ نے اسے بہت لمبی عمر اور بہت اونچا مقام عطا فرمایا۔ حضرت اقدس ولی احمد نور اللہ مرقدہ جو سنڈا کئی بابا کے نام سے معروف ہیں، آج اس دنیا میں نہیں ہیں۔ کوہان شریف میں ان کے میزبان خاندان نے ان کی ایک تلوار اور کرتہ حفاظت کے ساتھ سنبھال رکھا ہے۔ مرقد مبارک پر حاضری دینے والا اگر حضرت باباجی نور اللہ مرقدہ کے میزبانوں کے ہاں چلا جاتا ہے تو اس کی خوب مہمان نوازی کی جاتی ہے اور اسے باباجی رحمہ اللہ کی تلوار اور کرتہ دکھایا جاتا ہے۔ حضرت باباجی رحمہ اللہ کی ایک چارپائی جو اب ٹوٹ چکی ہے ان کی قبر کے سرہانے رکھی ہے۔ مگر باباجی رحمہ اللہ کی اصل نشانی اور آپ کا اصل تبرک کوہان شریف سے کچھ پہلے واڑی اور جاگام کے درمیان صندل نامی گاؤں میں موجود ہے جی ہاں باباجی علیہ الرحمہ کے فیض یافتہ شاگرد اور خلیفہ مجاز اور

حضرت باباجی علیہ الرحمہ کے رنگ میں رنگے ہوئے مرشد حضرت صندل باباجی......اللہ تعالیٰ ان کی زندگی میں برکت عطا فرمائے اور ان کا پرسکون سایہ تادیر مسلمانوں پر قائم رکھے۔آمین۔

حضرت صندل بابا مدظلہ العالی کے پاس علماء کرام اور عوام حاضری دیتے ہیں کچھ لوگ اپنی اصلاح کے لئے آتے ہیں جبکہ کافی سارے لوگ دم کرانے اور تعویذ لینے کیلئے حاضر ہوتے ہیں۔حضرت باباجی کے پاس جو بھی آتا ہے حضرت باباجی اسے دین کی تلقین ضرور کرتے ہیں۔یوں تعویذ لینے کے لئے آنے والے افراد کو بھی نماز اور ترک منکرات کی دعوت دی جاتی ہے۔حضرت بابا مدظلہ العالی بہت سخی ہیں علماء کرام جس عمل یا وظیفے کی اجازت مانگتے ہیں باباجی کی طرف سے فوراً مل جاتی ہے اور آپ اپنے مہمانوں کے تقاضوں سے نہیں اکتاتے۔

حضرت باباجی مدظلہ کے مجربات بہت سارے ہیں بعض احباب نے مجربات صندلیہ کے نام سے کچھ وظائف واعمال شائع کیے مگر ان میں کتابت کی کافی ساری غلطیاں رہ گئیں۔حضرت باباجی شہرت سے دور گمنام رہنا چاہتے ہیں مگر قدرت انہیں اب خود بخود مشہور کر رہی ہے اور اہل حق علماء واکابر حضرت باباجی مدظلہ کے روحانی چشمہ پر اپنی پیاس بجھانے کے لئے جمع ہوتے جارہے ہیں۔سعودی عرب، ایران، افغانستان، افریقہ، کراچی اور صوبہ سرحد کے مختلف اضلاع میں آپ کے مریدین ومتوسلین کی تعداد بڑھ رہی ہے اور آپ نے ان علاقوں کے اسفار بھی فرمائے ہیں۔اسی صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے اس بات کی ضرورت محسوس ہوئی کہ حضرت باباجی مدظلہ کے مجربات کو تصحیح وتفصیل کے ساتھ شائع کردیا جائے تاکہ اللہ تعالیٰ کی مخلوق ان سے زیادہ سے زیادہ فائدہ حاصل کرسکے۔

ہماری خواہش تھی کہ کتاب کے آغاز میں حضرت بابا جی مدظلہ العالی کے حالات زندگی درج کیے جائیں۔ اس سلسلے میں حضرت بابا جی سے گذارش کی گئی تو آپ نے فرمایا: ''میں شہرت نہیں چاہتا'' چنانچہ وہ ہستی جو اپنے مہمانوں کی کوئی فرمائش نہیں ٹھکراتی اس معاملے میں بہت سخت نکلی۔ حضرت بابا جی مدظلہ العالی نے اپنے حالات زندگی بتانے سے انکار کر دیا اس لیے ہم اس تحفے میں مصنف کے حالات شامل نہ کر سکے۔

حضرت بابا جی مدظلہ شریعت کے سخت پابند ہیں اور بہت زبردست عامل ہیں، آپ کے عملیات شریعت کے تابع ہیں چنانچہ اگر کوئی شخص شرعی حدود سے تجاوز کر کے کوئی عمل مانگتا ہے تو آپ اسے سمجھاتے ہیں کہ اپنے مقاصد سے تجاوز نہ کرو اور آخرت کو مدنظر رکھو۔ اس لیے کتاب سے استفادہ کرنے والوں سے ہماری عاجزانہ گزارش ہے کہ وہ شریعت کی پابندی کو یقینی بنائیں اور خلاف شرع کوئی عمل نہ کریں۔

جو لوگ حضرت بابا جی مدظلہ کے پاس دم اور تعویذ وغیرہ کیلئے آتے ہیں وہ ضرور آئیں اور اس کامل ولی سے فائدہ اٹھائیں لیکن بابا جی مدظلہ کے پاس اس سے زیادہ قیمتی چیز موجود ہے اور وہ ہے تعلق مع اللہ اور نسبت۔ آپ ایک منجھے ہوئے شیخ طریقت ہیں پس علماء کرام اور عوام کو چاہئے کہ اپنے تزکیہ نفس اور اصلاح باطن کو مقدم رکھتے ہوئے حضرت بابا جی مدظلہ العالی کی ذات کو غنیمت جانیں تزکیہ نفس ضرورت کے لحاظ سے فرض ہے اور اگر خدانخواستہ تزکیہ نہ ہوا تو ہر عمل خطرے میں ہے۔ ایسے بے غرض و بے لوث اللہ والے بہت تھوڑے ہیں جن کے پاس بیٹھتے ہی دل کی دنیا بدل جاتی ہے اور دل غیر اللہ سے پاک صاف ہو جاتا ہے اللہ تعالیٰ ہم سب کو حضرت بابا جی مدظلہ العالی سے

فیض یاب ہونے کی توفیق عطا فرمائے اور حضرت باباجی مدظلہ کو صحت وعافیت کے ساتھ امت کے سروں پر تادیر قائم رکھے۔

وصلی اللہ تعالیٰ علی خیر خلقہ سیدنا محمد
وآلہ واصحابہ اجمعین

فقط

یکے از خدام حضرت صندل باباجی مدظلہ
۱۴رذوالحجہ ۱۴۲۴ھ مطابق ۶رفروری ۲۰۰۴ء

بسم اللہ الرحمن الرحیم

دیباچہ طبع اول

تسلسل اصرار احباب نے اس بات پر مجبور کر دیا کہ کوئی ایسا مجموعہ تیار ہو جائے جس میں حضرت بابا جی مدظلہ العالی کے فرامین متعلقہ طب نبوی مذکور ہوں۔ لیکن ازدحام اضیاف اس بات کو عملی جامہ پہنانے میں حائل تھا۔

پھر بھی ناچیز وقتاً فوقتاً مصروفیات سے فراغت پانے پر حضرت بابا جی مدظلہ العالی سے بہ کمال شفقت استفادہ کر کے تھوڑا تھوڑا لکھا کرتا۔ جس سے یہ گلدستہ ناپیدہ ''مجربات صندلیہ'' تیار ہو گیا۔ جس میں عملیات کے علاوہ شجرۂ نسب حضرت بابا جی مدظلہ العالی اور وظائف طریقہ قادریہ بمع سلسلہ سند درج ہے۔ اللہ کریم سے التجا ہے کہ شائقین کرام کو زیور طبع سے آراستہ کرنے پر اجر جزیل عطا فرماویں اور طالبین حق کو ان مساعی سے مستفید ہونے کی توفیق بخشیں۔ آمین ثم آمین

فضل ولی غفرلہ

نبیرہ و کاتب حضرت مولانا صندل بابا جی مدظلہ العالی

ولدیت حضرت مولانا فضل ودود عفی عنہ

گاؤں صندل تحصیل و ڈاکخانہ واڑی ضلع دیر بالا

فون نمبر 0934-888198

۱۰ محرم الحرام ۱۴۲۴ھ مطابق ۲۰۰۴/۳/۳ء

دواءاور بیماری

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دوا اور علاج سے نہ صرف یہ کہ کبھی منع نہیں فرمایا بلکہ خود فرمایا کہ ہر مرض کی دوا اللہ کریم نے پیدا کی ہے۔ اور دوا کیا کرو۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے خود لوگوں کو بعض امراض کے علاج بتائے ہیں جیسا کہ احادیث میں ''کتاب الطب'' دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے لیکن دوا بھی اللہ کریم ہی کے حکم اور اذن سے نافع ہوتی ہے۔ اگر دوا اور طبی معالجہ ہر حال میں نافع ہوتا تو ہسپتالوں میں کوئی نہ مرتا۔ کبھی مرض کے لئے اگر اللہ ہی کی طرف رجوع کر کے اس کے کلام اور اسماء وصفات سے استعانت کی جائے تو یہ مادہ پرستوں کے سوا کسی کی عقل کے بھی خلاف نہیں ہے۔

کئی مادہ پرست ڈاکٹروں نے بھی اعتراف کیا ہے کہ دعا اور رجوع الی اللہ مریضوں کی شفایابی میں بہت کارگر ہے۔

فرقان حمید میں اللہ کریم نے فرمایا ہے:

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ

اس آیت میں ''من'' جنس کے لئے ہے، تبعیض کے لئے نہیں ہے۔

قرآن مجید میں روحانی بیماریوں کے لئے بھی شفاء ہے۔ جیسے اعتقادات باطلہ اور اخلاق رذیلہ ومذمومہ، امراض جسمانیہ کیلئے بھی شفاء ہے۔ قرآن مجید کی تلاوت کرنا بیماریوں کے لئے علاج ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے: ''مَنْ لَّمْ يَسْتَشْفِ بِالْقُرْاٰنِ فَلَا شَفَاهُ اللّٰهُ ''

جیسا کہ پہلے بیان کیا گیا ہے کہ ہر مرض کے لئے علاج موجود ہے۔ اللہ

کریم نے کوئی ایسا مرض پیدا نہیں فرمایا ہے جس کا علاج نہ ہو۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے:

ما انزل اللہ داء الا وانزل له شفاء (بخاری و مسلم شریف)

وروی اصحاب السنن عن رسول اللہ تداووا یا عباد اللہ فان اللہ لم یضع داء الا وضع له شفاء الا داء واحدا وھو الھرم یعنی (الموت) وقال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم لکل داءٍ دواء فتداووا ولا تداووا بحرام (ابوداؤد شریف)

علاج توکل کے منافی نہیں ہے جیسا کہ بھوک کے وقت کھانا، پیاس کے وقت پینا وغیرہ وغیرہ۔ لیکن بیمار کیلئے ضروری ہے کہ وہ

❶ مکمل طور پر اللہ کریم کی طرف توجہ کرے۔

❷ اللہ کریم پر توکل اور اعتماد کرے کہ مرض لانے والا اور شفاء دینے والا صرف اللہ کی ذات بابرکات ہے۔

❸ صدقات وخیرات کرے۔

❹ فرائض کے ساتھ ساتھ نوافل کا بھی اہتمام کرے اور صحت وعافیت کے لئے اللہ کریم کی درگاہ میں خصوصی دعائیں کرے۔

❺ توبہ واستغفار کی کثرت کرے۔

جواز رقیہ میں بے شمار احادیث ہیں:

"عن عوف بن مالك كنا نرقي في الجاهلية فقلنا يارسول الله كيف ترى في ذالك فقال اعرضوا على رقاكم لا باس بالرقى اذا لم يكن فيه شرك"

(رواہ مسلم)

شیخ ابوالقاسم قشیری سے منقول ہے کہ میرا بیٹا ایسی بیماری میں مبتلا ہوا تھا جس کا علاج ناممکن تھا۔ یہاں تک کہ قریب الموت ہوا۔ میں نے ایک رات حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے درخواست کی کہ یارسول اللہ میرے بیٹے کو کیا ہوا ہے؟

تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "اَیْنَ اَنْتَ مِنْ آیَاتِ الشِّفَاءِ"

جب میں بیدار ہوا تو میں نے قرآن مقدس کے چھ مقامات پر نظر ڈالی:

۱ وَیَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِیْنَ
۲ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِی الصُّدُوْرِ
۳ یَخْرُجُ مِنْۢ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِیْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ
۴ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ
۵ وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ یَشْفِیْنِ
۶ قُلْ هُوَ لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا هُدًی وَّ شِفَآءٌ

میں نے یہ چھ آیات لکھ کر پانی میں بھگو دیں اور اپنے مریض بیٹے کو پلائیں تو اللہ کریم کے فضل و کرم سے صحت یاب ہوا۔

وَمَا ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ بِعَزِیْزٍ

کمال معرفت

وَالَّذِیْنَ جَاهَدُوْا فِیْنَا لَنَهْدِیَنَّهُمْ سُبُلَنَا

ترجمہ: اور جو لوگ ہماری راہ میں مجاہدہ کرتے ہیں ہم ان کے لئے اپنی راہیں کھول دیتے ہیں۔

کمال معرفت یہ ہے کہ انسان کا دل رضائے الٰہی کا ایسا خواستگار ہو جائے جس طرح انسانی جسم خواستگار اور طلبگار غذا ہے۔ اور اس درجے کی خواہش عبادت الٰہی ہو جیسے جسم انسانی کو ماکولات اور مشروبات کی خواہش ہوتی ہے۔ لیکن یہ اس وقت ممکن ہے جب دل عظمت و محبت الٰہی سے لبریز ہو جائے اور ماسوی اللہ کی عظمت و محبت سے خالی ہو جائے کیونکہ جب کوئی برتن جس قدر خالی ہوگا اس قدر اس میں چیز سما سکے گی۔ قطع علائق سبب تجرید و تفرید ہے اس کی طرف اللہ کریم نے اشارہ کیا ہے۔ "قُلِ اللّٰہُ ثُمَّ ذَرْھُمْ" کہہ واللہ پھر انہیں چھوڑ دو اور یہ کمال معرفت ہے۔

اس کی مثال یوں سمجھو جیسے کوئی زمین میں بیج ڈال دے تو وہ پھلے پھولے اور اس سے شجر معرفت پیدا ہو جائے۔ یعنی کلمہ طیبہ جیسا کہ اللہ کریم نے فرمایا ہے: "اس کی جڑ زمین میں اور شاخیں آسمان میں ہیں"۔ لیکن جس وقت اغیار کی عظمت و محبت اس درجہ قائم ہے کہ عظمت محبت خداوندی سے مزاحمت کرتی ہے تو وہ رضائے الٰہی کا طالب نہیں ہو سکتا ہے۔ اور نہ معاصی سے پوری طرح بچ سکتا ہے۔

دست بدعا ہوں کہ اللہ کریم ہمیں تمام معاصی سے امن میں رکھیں اور حق تعالیٰ بتصدق سرور کونین صلی اللہ علیہ وسلم والد صاحب کے ظل عاطفت کو ہمارے سروں پر تا قیامت سایہ فگن رکھے اور اپنی جناب خاص سے انہیں اپنی اور ان کی شایان شان اجر و ثواب سے خوش وقت و شادکام فرمائے اور اہل علم و عامۃ الناس کو حضرت باباجی دامت برکاتہم العالیہ کے ارشادات سے مستفیض فرمائے۔ آمین

فضل ودود عفی عنہ برخوردار حضرت مولانا صندل باباجی دامت برکاتہم

دوائے دل

ازمولانا محمد شفیع چترالی

۲۰۰۳ء میں حضرت باباجی مدظلہ کے دورہ کراچی پر خصوصی تحریر

صندل بابا اتنی بڑی نسبت اور اتنے اونچے مقام کے حامل ہوتے ہوئے ابھی تک کہاں چھپے ہوئے تھے؟ یہ ایک سوال ہے جو عام دیندار حلقوں میں پایا جاتا ہے۔ اس عالم رنگ وبو میں نہ جانے کتنی ایسی شخصیات اور ہستیاں ہوں گی۔ جن کے ظاہری وباطنی کمالات پر گمنامی کے پردے پڑے ہونے کی وجہ سے دنیا کو ان کے انوار وبرکات سے استفادہ کرنے کا موقع نہیں ملتا ہوگا۔ دراصل اہل اللہ کی ایک جماعت ہے ہی ایسی کہ انہیں خود کبھی بھی اپنے مقام کی بلندی کا خیال نہیں آتا اور یہ وہ لوگ ہوتے ہیں جو مدارج سلوک کے اعلیٰ مقام پر فائز ہونے کے باوجود اپنے آپ کو کچھ نہیں سمجھتے اور یہی ان کی بزرگی اور عنداللہ مقبولیت کا راز ہوتا ہے وہ عوامی مقبولیت، شہرت اور ذاتی جاہ وجلال کو اپنے لئے زہر قاتل سمجھتے ہیں۔ شیخ الادب مولانا اعزاز علی رحمہ اللہ کے بقول ان کا مذہب یہ ہوتا ہے:

خمولی اطیب الحالات عندی
واعزازی لدیهم فیه عاری

ترجمہ: میرا گمنام رہنا ہی میرے نزدیک بہترین حالت ہے اور لوگوں کی نظر میں میرا اعزاز واکرام میرے لئے باعث عار ہے۔

اگر آپ تلاش کرنے نکلیں تو دور دراز کے دیہات کے اندر آپ کو میدان علم ومعرفت کے ایسے ایسے شہسوار ملیں گے جن کے انفاس قدسیہ سے

مستفید ہوتے ہوئے آپ اپنے آپ کو کسی ماورائی دنیا میں محسوس کریں گے۔

ایسی ہی شخصیات میں سے ''دیر بالا'' کے ایک دور افتادہ علاقے کے رہنے والے وہ بزرگ بھی ہیں۔ جن کو دیکھ کر ''اذا راوو اذکر اللہ'' کے بمصداق خدا یاد آتا ہے۔ یہ وہ خوش نصیب ہستی ہیں۔ جنہیں صوبہ سرحد کی عظیم علمی وروحانی شخصیت اور تحریک پاکستانی جہاد کے عظیم کمانڈر ''ولی احمد'' المعروف سنڈاکی بابا سے خصوصی تعلق اور اجازت بیعت کا شرف حاصل ہے۔

۱۲۳ سال کی طویل عمر میں ''اسیر فی الدنیا'' کہلانے کے مستحق ''مولانا سید محمود صاحب المعروف صندل باباجی'' کے روئے انور پر عبادت وریاضت کا نور تو واضح طور پر محسوس کیا جاتا ہے۔ لیکن تھکاوٹ بیزاری اور بڑھاپے کے چڑچڑے پن کا نام ونشان تک نہیں۔

کراچی کے بعض اہل دل علماء کی تحریک اور پرزور دعوت پر گذشتہ دنوں حضرت صندل باباجی کی کراچی تشریف آوری ہوئی اور مختلف مدارس کے طلباء اور علماء کو حضرت کی زیارت اور ان سے استفادہ کرنے کا موقع نصیب ہوا۔ ہم جیسے لوگوں کے لئے حضرت باباجی کے کمالات کا قائل ہونے کیلئے اتنا ہی کافی تھا کہ ہم نے اپنے اساتذہ اور اساتذہ کے اساتذہ کو ان کے سامنے زانوئے ادب طے کرتے ہوئے اور ان کے دست حق پرست پر بیعت کرتے ہوئے دیکھا اور اگلے زمانے کے بعض بزرگوں کے جو واقعات کتابوں میں پڑھے تھے ان بزرگ کی زندگی میں ان واقعات کا عملی مشاہدہ کیا۔

فجر کے وضو سے عشاء کی نماز ادا کرنے کا معمول بھی ان میں سے ایک ہے۔ کم گفتن، کم خوردن اور کم خفتن کی عملی تفسیر اپنی گناہگار آنکھوں سے دیکھی۔ لیکن اس سے بڑھ کر کمال یہ ہوا کہ ہم نے اپنے شہر کی اس شخصیت کو بھی ان بزرگ کے سامنے ایک چھوٹے سے طالب علم کی طرح مؤدب بیٹھے پایا۔ جس کو حضرت مدنی رحمہ اللہ کے تلمیذ رشید ہونے کی بناء پر ہی نہیں بلکہ علم ومعرفت

کے بلند ستون اور ہزاروں علماء ومشائخ کے شیخ ہونے کی بناء پر مرجع خلائق ہونے کا شرف حاصل ہے۔ ''ولی راولی می شناسد''

شیخ المشائخ مولانا سلیم اللہ خان صاحب ان بزرگ کی تشریف آوری کا سن کر ملاقات کے لئے تشریف لے گئے۔

امام غزالی رحمہ اللہ کے بارے میں آتا ہے کہ آپ مدرسہ نظامیہ کے ممتاز مدرس اور اپنے وقت کے امام تھے۔ لیکن اچانک خیال آیا کہ صرف علم ظاہر کا حصول نجات کے لئے کافی نہیں۔ سب کچھ چھوڑ چھاڑ کر شام تشریف لے گئے اور دس سال گمنامی وصحرا نوردی کی زندگی گزارنے کے بعد ''احیاء علوم الدین'' جیسی شہرہ آفاق کتاب لکھ کر رہتی دنیا تک کیلئے ہدایت وفیض یابی کا سامان کر گئے۔

صندل باباجی کی کہانی بھی ایسی ہی ہے۔ بڑے بڑے اکابر سے اکتساب فیض اور ایک طویل عرصے تک درس وتدریس کے بعد ایک عام ''انسان'' کے روپ میں رہے اور جب ان کے سلسلے کے بزرگوں کی طرف سے بیعت وارشاد کا سلسلہ شروع کرنے کے پیغامات ملے تو خلق خدا کو خدا پرستی کی تعلیم دینے کیلئے کمر باندھ لی۔ ۱۲۳ سال کی عمر میں اس کام کا اور کیا مقصد ہو سکتا ہے؟ علم کی گہرائی اور معرفت کی گیرائی نے صندل بابا کی شخصیت کو نہ صرف عوام کے لئے بلکہ علماء وخواص کے لئے بھی مرکز نگاہ اور گلزار نظر بنادیا ہے۔ اور آپ کی صحبت میں بیٹھنے والا ہر شخص محسوس کرتا ہے۔

بہار عالم حسنش دل وجان تازہ می دارد
برنگ ارباب صورت رابہ بو ارباب معنی را

درحقیقت صندل بابا بنی نوع انسان کی اس جنس نایاب سے تعلق رکھتے ہیں جس کی تلاش کرتے کرتے زمانے کی نگاہیں تھک جاتی ہیں۔

ڈھونڈو گے ہمیں گلشن گلشن
ملنے کے نہیں نایاب ہیں ہم

حضرت باباجی مدظلہٗ العالی کا شجرۂ نسب

اسم مبارک :

سیّد محمود بن حضرت شیخ ولی باباؒ بن حضرت برکت ولی باباؒ

المنزولی مولداً وصندلی سکناً وحنفی مذھباً
ودیوبندی مسلکاً وقادری سلوکاً

آپ حسینی سیّد ہیں :

حضرت باباجی دامت برکاتہم العالیہ حسینی سیّد ہیں آپ کا پورا نسب نامہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم تک اس طرح ہے:

سیّد محمود بن شیخ ولی باباؒ بن برکت ولی باباؒ بن قمبر علی شاہ باباؒ بن سیّد علی شاہ باباؒ بن سیّد حامد باباؒ بن سیّد احمد خلیل باباؒ بن سیّد عبدالحق باباؒ بن سیّد ابو علی شاہ باباؒ بن سیّد معصوم درباری باباؒ بن سیّد ابراھیم ادھم باباؒ بن سیّد حیا باباؒ بن سیّد احمد باباؒ بن سیّد رکن الدین باباؒ بن سیّد قطب شاہ باباؒ بن سیّد داؤد شاہ باباؒ بن سیّد عبدل باباؒ بن سیّد مصطفیٰ باباؒ بن سیّد علی ترمذیؒ بن سیّد قمبر علیؒ بن سیّد احمد نور بخشؒ بن سیّد یوسف نور باباؒ بن سیّد بخش محمد نور باباؒ بن سیّد احمد بے غم باباؒ بن سیّد براق باباؒ بن سیّد احمد مشتاق باباؒ بن سیّد شاہ ایوب ابوتراب باباؒ بن سیّد حامد باباؒ بن سیّد محمود باباؒ بن سیّد اسحاق باباؒ بن سیّد عثمان باباؒ بن سیّد جعفر باباؒ بن سیّد عمر باباؒ بن سیّد محمد باباؒ بن سیّد حسام باباؒ بن سیّد ناصر خسرو باباؒ بن سیّد جلال گنج عالم باباؒ بن سیّد امیر علی باباؒ بن سیّد عبدالرحیم باباؒ بن سیّد محمود مکی باباؒ بن سیّد مہدی باباؒ بن سیّد حسن عسکری باباؒ بن سیّد علی نقی باباؒ بن

سیّد محمد تقی باباؒ بن سیّد امام رضا باباؒ بن امام موسیٰ کاظم باباؒ بن سیّد امام جعفر صادق باباؒ بن امام باقر باباؒ بن سیّد امام زین العابدین باباؒ بن سیّد اصغر باباؒ بن سیّد امام حسین بابا شہید دشت کربلا رضی اللہ عنہ بن فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا زوجہ مطہرہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ بنت رسول الثقلین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم۔

حضرت باباجی مدظلہ کے آباءواجداد کے مقابر :

حضرت باباجی مدظلہ العالی کے والد محترم حضرت شیخ ولی بابا بن سیّد برکت ولی بابا نے تین نکاح فرمائے تھے جن سے اللہ تعالیٰ نے آپ کو چھ صاحبزادے عطا فرمائے:

(۱) گل شہزادہ (۲) سیّد محمود بابا (۳) سیّد سعید بابا (۴) عبدالرزاق (۵) میاں سیّد (۶) محمد رزاق بابا۔

آپ کے دادا سیّد برکت ولی بابا بن سیّد قمبر علی شاہ بابا کے چار بیٹے تھے:

(۱) سیّد شیخ عنبر بابا (۲) سیّد عبدل بابا (۳) سیّد سیّد عمر بابا (۴) سیّد شیخ ولی بابا۔ سیّد شیخ ولی بابا علاقہ نہاگ درہ گاؤں ''منزہ'' میں مدفون ہیں اور برکت ولی باباؒ کا مدفن بھی منزہ میں ہے۔ سیّد قمبر علی شاہ بابا بن سیّد علی شاہ بابا علاقہ نہاگ درہ گاؤں ''سورے نہاگ'' میں مدفون ہیں۔ سیّد علی شاہ بابا بن سید حامد بابا دیر پائین کے گاؤں ''تالاش'' میں مدفون ہیں۔ سید حامد بابا بن سیّد احمد خلیل بابا علاقہ بونیر گاؤں ''شل بانڈی'' میں مدفون ہیں۔ سیّد احمد خلیل بابا بن سیّد عبدالحق بابا علاقہ کونڑ گاؤں دونال پشت میں مدفون ہیں۔ سیّد عبدالحق بابا بن سیّد ابوعلی شاہ بابا بن سیّد معصوم درباری بابا کا روضہ مبارکہ خاص صندل علاقہ نہالدرہ میر، زیارت گاہ خاص وعام ہے۔ سیّد معصوم درباری بابا بن سیّد ابراہیم ادھم بابا علاقہ بونیر شلبانڈی میں مدفون ہیں۔ سیّد ابراہیم ادھم بابا بن سیّد حیا بابا بھی بونیر علاقہ شلبانڈی میں مدفون ہیں۔ سیّد حیا بابا بن سیّد احمد بابا بن سیّد رکن الدین بابا

آداب طریقت

کوئی کمال مقصود بدوں استاد کے حاصل نہیں ہوتا۔ جب راہ سلوک میں آنے کی توفیق ہو استاد طریق کو ضرور تلاش کرنا چاہئے۔ جس کے فیض تعلیم وبرکت محبت سے مقصود تک پہنچے۔ طریقت درحقیقت شریعت ہی پر عمل کا نام ہے کوئی زائد چیز نہیں۔ لیکن شرط یہ ہے کہ طلب صادق اور جذبہ صحیح موجود ہو تاکہ رغبت اور شوق سے عمل کیا جاسکے۔ بیعت وطریقت کا مقصود یہ ہے کہ انسان کا ظاہر وباطن سنوارا جائے۔ چونکہ بدون علامت تلاش ناممکن ہے۔ اس لیے اس مقام پر شیخ کامل کے چیدہ چیدہ شرائط وعلامات لکھے جاتے ہیں:

(۱) بقدر ضرورت علم شریعت سے واقفیت رکھتا ہوتا کہ خود کو اور طالبین کو فساد عقائد واعمال سے محفوظ رکھ سکے۔

(۲) پرہیزگار ہو کبائر اور صغائر سے بچتا ہو۔ یعنی ارتکاب کبائر اور اصرار علی الصغائر سے بچتا ہو۔

(۳) تارک دنیا، راغب آخرت ہو۔ ظاہری اور باطنی طاعات پر مداومت رکھتا ہو۔ ورنہ طالب کے قلب پر برا اثر پڑے گا۔

(۴) مریدوں کا خیال رکھے کوئی کام ان سے خلاف شرع ہو جائے تو ان کو متنبہ کرے۔

(۵) بزرگان دین کی محبت سے فیض یاب ہو۔

(۶) بنسبت عوام کے خواص یعنی علماء وفقراء کے نزدیک اس کی قبولیت زیادہ ہو۔

(۷) اس کی صحبت میں یہ اثر ہو کہ توجہ الی اللہ میں زیادتی اور خیالات دنیوی میں کمی معلوم ہوتی ہو۔

(۸) کسی کامل شیخ کی جانب سے ماذون واجازت یافتہ ہو۔

(۹) اس کا کلام بزرگان پیشین کے کلام کے مشابہ ہو

(۱۰) یہ کہ اس کے مریدین میں سے اکثروں کی حالات درست ہو۔

(۱۱) کسی شیخ کامل میں کشف وکرامات وخوارق کا ظاہر ہونا اور تارک کسب ہونا ضروری نہیں بلکہ دنیا کا حریص وطامع نہ ہو۔ چونکہ فن سلوک میں بعض حضرات کا ذوق سلوک ولایت کی طرف ہوتا ہے اور بعض طبعی طور پر سلوک نبوت کی طرف مائل ہوتے ہیں۔ فن سلوک کے واقف کاروں کا کہنا ہے کہ جن لوگوں کا راستہ سلوک ولایت کا ہے۔ ان میں سوز وگداز جذب ومحویت اور شورش عشق کا اثر نمایاں ہوتا ہے۔ بلکہ کشف وکرامات کا ظہور بھی علانیہ نظر آتا ہے۔ اس لیے یہ حضرات عوام کی نگاہ سے چھپے نہیں رہتے۔ مگر جو سلوک نبوت کے راہی ہیں ان میں وجد وکیفیات کی دھوپ چھاؤں کا اثر بالکل نظر نہیں آتا۔ نہ ان سے حسی کرامات کا ظہور ایسا ہوتا ہے وہ خود چھپے رہتے ہیں اور ان کے کمالات بھی عوام کی نگاہ میں آنے نہیں پاتے ان کے یہاں حسیت پر معنویت غالب رہتی ہے اور معنویت ایسی چیز نہیں کہ اہل نظر کے سوا کوئی اسے دیکھ سکے۔

حقوق شیخ

(۱) پیر کے پاس مسواک کر کے صاف کپڑے پہن کر جائے

(۲) ادب کے ساتھ پیش آئے

(۳) نگاہ حرمت و تعظیم سے اس پر نظر کرے

(۴) جو بتلادے خوب توجہ سے سنے اور خوب یاد رکھے

(۵) جو بات سمجھ میں نہ آئے اپنا قصور سمجھے

(۶) اس کے سامنے کسی اور کا قول مخالف ذکر نہ کرے

(۷) اگر کوئی پیر کو برا کہے حتی الوسع اس کا دفعیہ کرے ورنہ وہاں سے اٹھ کھڑا ہو

(۸) جب حلقہ کے قریب پہنچے سب حاضرین کو سلام کرے اگر تقریر، ذکر و مراقبہ میں ہو تو سلام نہ کرے

(۹) پیر کے روبرو بہت نہ ہنسے نہ بہت باتیں کرے ادھر ادھر نہ دیکھے نہ کسی اور کی طرف متوجہ ہو بالکل شیخ کی طرف متوجہ رہے

(۱۰) حالت بعد و غیبت میں اس کے حقوق کا خیال رکھے

(۱۱) کبھی کبھار خط و کتابت وغیرہ سے پیر کا دل خوش کرتا رہے

(۱۲) یہ اعتقاد کرلے کہ میرا مطلب اسی مرشد سے حاصل ہوگا اور اگر دوسری طرف توجہ کرے گا تو مرشد کے فیض و برکات سے محروم رہے گا۔

(۱۳) ہر طرح سے شیخ کا مطیع ہو اور جان و مال سے اس کی خدمت کرے کیونکہ بغیر محبت پیر کے کچھ نہیں ہوتا اور محبت کی پہچان یہی ہے کہ شیخ جو

کہے اس کو فوراً بجالائے اور بغیر اجازت اس کے فعل کی اقتداء نہ کرے۔ کیونکہ بعض اوقات وہ اپنے حال اور مقام کے مناسب ایک کام کرتا ہے کہ مرید کا اس کو کرنا زہر قاتل ہے۔

(۱۴) شیخ کے بتائے ہوئے معمولات ووظائف پر پابندی کرے

(۱۵) شیخ کے مصلّی، کپڑے وغیرہ پر پیر نہ رکھے

(۱۶) جس جگہ مرشد بیٹھتا ہو اس طرف پیر نہ پھیلائے اگرچہ سامنے نہ ہو اور اس طرف تھوکے نہیں

(۱۷) جو کچھ مرشد کہے یا کرے اس پر اعتراض نہ کرے کیونکہ جو کچھ وہ کرتا ہے یا کہتا ہے الہام سے کرتا اور کہتا ہے۔ اگر کوئی بات سمجھ میں نہ آئے تو حضرت موسیٰ علیہ السلام اور حضرت خضر علیہ السلام کا قصہ یاد کرے

(۱۸) اپنے مرشد سے کرامت کی خواہش نہ کرے

(۱۹) اگر کوئی شبہ دل میں گزرے فوراً عرض کرے اور اگر وہ شبہ حل نہ ہو تو اپنے فہم کا نقصان سمجھے اور اگر شیخ اس کا کچھ جواب نہ دے تو جان لے کہ میں اس کے جواب کے لائق نہ تھا

(۲۰) خوابوں کو مرشد سے عرض کرے اور جو تعبیر ذہن میں آئے وہ بھی عرض کرے

(۲۱) مرشد کی آواز پر اپنی آواز بلند نہ کرے اور بآواز بلند اس سے بات نہ کرے اور بقدر ضرورت مختصر کلام کرے اور نہایت توجہ سے جواب کا منتظر رہے

(۲۲) اپنے شیخ کے کلام کو دوسروں سے اس قدر بیان کرے جس قدر لوگ سمجھ سکیں اور جس بات کو یہ سمجھے کہ لوگ نہ سمجھ سکیں گے تو اسے بیان نہ کرے

(۲۳) شیخ کے کلام کو رد نہ کرے اگرچہ حق مرید ہی کی جانب ہو بلکہ یہ اعتقاد کرے کہ شیخ کی خطا میرے ثواب سے بہتر ہے

(۲۴) اپنے بھلے یا برے حال کو مرشد سے عرض کرے۔ کیونکہ مرشد

طبیب قلبی ہے۔ اطلاع کے بعد اس کی اصلاح کرے گا۔ مرشد کے کشف پر اعتماد کر کے سکوت نہ کرے

(۲۵) جو کچھ فیض باطن سے پہنچے اسے مرشد کا طفیل سمجھے۔ اگرچہ خواب میں یا مراقبہ میں دیکھے کہ دوسرے بزرگ سے پہنچا ہے۔ تب بھی یہ جانے کہ مرشد کا کوئی لطیفہ اس بزرگ کی صورت پر ظاہر ہوا ہے

مگر یہ سب آداب شیخ کامل کے ہیں جس کی علامات گزر چکی ہیں۔

وظائف طریقہ قادریہ

۱۔استغفار:

اَسْتَغْفِرُاللّٰہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَیْہِ

۲۔درود قادری:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَعِتْرَتِہٖ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ

۳۔نفی واثبات:

لا الہ الا اللہ (ذکر ناسوتی)

۴۔مجرّد اثبات:

الا اللہ (ذکر ملکوتی)

۵۔مراقبہ قلباً:

اللہ (ذکر قلبی،تصوری،فکری،نفسی)

۶۔اسم ذات زبانی:

اللہ (ذکر جبروتی)

۷۔اسم ذات زبانی:

ھو (ذکر لاہوتی)

۸۔اسم ذات زبانی:

اللہ ھو (ذکر مرتب،ذکر عروجی)

۹۔اسم ذات زبانی:

ھو اللہ (مرکب غیر مرتب،ذکر تنزلی)

۱۰۔اَنْتَ الْھَادِیْ اَنْتَ الْحَقُّ لَیْسَ الْھَادِیْ اِلَّا ھُو (ذکر تضرعی)

۱۱۔واسطہ (تصور شیخ)

(ارشاد فرمودہ حضرت مولانا صندل باباجی مدظلہ العالی)

چند اصطلاحات

(۱) حضرت باباجی مدظلہ العالی اکثر وظائف کے آگے پیچھے درود قادری پڑھنے کا حکم دیتے ہیں چنانچہ آپ کو اس کتاب میں کئی جگہ پر درود قادری کا تذکرہ ملے گا۔ اس لیے ضروری ہے کہ قارئین کرام پہلے درود قادری معلوم کر کے اسے اچھی طرح یاد کرلیں جو درج ذیل ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَعِتْرَتِہٖ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ

حضرت باباجی فرماتے ہیں کہ اس درود شریف میں جہاں جہاں حرف مشدّد ہے وہاں شدّ کو اچھی طرح ادا کریں۔

(۲) کسی بھی وظیفے یا عمل کا باقاعدہ عامل بننے کے لئے اس عمل یا وظیفے کو خاص وقت میں خاص تعداد کے ساتھ پڑھا جاتا ہے۔ اسے اس عمل کی زکوٰۃ کہتے ہیں زکوٰۃ ادا کرنے کے بعد آدمی اس عمل کا عامل بن جاتا ہے اور اسے زیادہ تاثیر نصیب ہوجاتی ہے۔ اس کتاب میں جہاں بھی لفظ زکوٰۃ استعمال ہوا ہے اس سے یہی مراد ہے۔

(۳) اس کتاب میں آپ کو کئی جگہ پر تعویذ چاٹنے کا تذکرہ ملے گا اس سلسلے میں ہم نے مکمل طریقہ کار دوسرے باب کے شروع میں عرض کر دیا ہے۔

(۴) جن وظائف کے بارے میں لکھا گیا ہے شب جمعۃ المبارک میں پڑھیں تو شب جمعہ سے مراد جمعہ کے دن سے پہلے والی رات ہے یعنی خمیس اور جمعہ کی درمیانی رات ہے اور جن وظائف کو جمعرات کی رات پڑھنے کا لکھا ہے تو اس سے مراد بدھ کے بعد والی رات ہے ہمارے ہاں خمیس کے دن کو غلط العوام کے طور پر جمعرات کہہ دیتے ہیں جو کہ اب عرف عام بن چکا ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

پہلا باب

(۱) جادو (سحر) کا تیر بہدف علاج

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

☆ قَالَ مُوۡسٰی مَا جِئۡتُمۡ بِہِ ۙ السِّحۡرُ ؕ اِنَّ اللّٰہَ سَیُبۡطِلُہٗ ؕ اِنَّ اللّٰہَ لَا یُصۡلِحُ عَمَلَ الۡمُفۡسِدِیۡنَ (یونس ۸۱)

اس طاقتور عمل کی زکوٰۃ یہ ہے کہ اتوار یا پیر کی رات چودہ سو مرتبہ پڑھیں اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف قادری۔

اس کے بعد درج ذیل طریقوں سے مسحور کا علاج کر سکتے ہیں:

(۱) گیارہ مرتبہ یہ آیت پڑھے اور اس کے اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود قادری پڑھ کر مسحور پر دم کرے۔

(۲) گیارہ مرتبہ یہ آیت پڑھے اور اس کے اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود قادری پڑھ کر پانی پر دم کرے اور وہ پانی مریض کو پلا دے یا جس گھر میں جادو ہو اس میں چھڑکے۔

(۳) مریض پر کپڑا ڈال دے اور دم کیے ہوئے پانی کے چھینٹے اس پر مارے۔

(۴) چار میخوں پر گیارہ مرتبہ آیت مع اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود قادری پڑھ کر ان میخوں کو اس گھر یا کمرے کے چاروں کونوں میں گاڑ

دیں جس پر جادو ہو۔

(۲) دشمن سے نجات کا مجرّب وظیفہ

عشاء کی نماز کے بعد ایک سو مرتبہ یا تین سو مرتبہ

یَا نَجِیحُ

پڑھیں اور دشمن کا تصور کریں۔

(۳) میاں بیوی میں اتفاق کا عمل

جس عورت کا خاوند اس سے ناراض ہو یا اس کا مخالف ہو تو وہ عشاء کی نماز کے بعد ایک سو مرتبہ پڑھے:

یَا حَنَّانُ یَا حَلِیمُ

اور اگر عورت ناراض ہو تو خاوند یہی عمل پڑھے۔

(۴) دانت کے درد کا علاج

جس دانت میں درد ہو اس پر انگلی رکھ کر دبائیں اور یہ دعاء پڑھ کر پھونکیں:

اُسْكُنْ اَيُّهَا الضِّرْسُ الْمَضْرُوْسُ بِحَقِّ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ فَقُلْنَا اضْرِبُوْهُ بِبَعْضِهَا كَذٰلِكَ يُحْيِ اللّٰهُ الْمَوْتٰى۔

یہ عمل تین بار کریں۔

(۵) نامردی کا علاج

فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ رَبِّیْ جَعَلَهٗ دَكَّآءَ ۚ وَكَانَ وَعْدُ رَبِّیْ حَقًّا ﴿۹۸﴾ وَتَرَكْنَا بَعْضَهُمْ یَوْمَىٕذٍ یَّمُوْجُ فِیْ بَعْضٍ وَّنُفِخَ فِی الصُّوْرِ فَجَمَعْنٰهُمْ جَمْعًا ﴿۹۹﴾ (الکہف ۹۸، ۹۹)

یہ آیت مبارکہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور وہ پانی مریض کو پلائیں یا مریض خود پڑھ کر دم کرے اور پیئے۔ رغبت پیدا کرنے کیلئے اس آیت کا تعویذ ناف پر باندھنا مفید ہے۔

(۶) دل کی گھبراہٹ اور بلڈ پریشر کا مجرّب علاج

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الطَّاهِرِ الزَّکِیِّ صَلٰوةً تُحَلُّ بِهَا الْعُقَدُ وَ تُفَكُّ بِهَا الْكُرَبُ

جس شخص کا دل خواہ مخواہ گھبراتا ہو یا وہ بلڈ پریشر کا مریض ہو تو وہ یہ درود شریف ۳۱۳ مرتبہ فجر اور مغرب کے بعد پڑھ کر اپنے سینے پر دم کرے اور آدھا گلاس پانی پر دم کر کے پی لیا کرے۔ انشاء اللہ جلد افاقہ ہوگا اور اطمینان قلب نصیب ہوگا۔

(۷) کان کے درد کا مؤثر علاج

سورہ اعلیٰ (سبح اسم ربک الاعلیٰ) پارہ نمبر ۳۰، تین بار پڑھ کر کان پر پھونکیں۔

(۸) دل اور مثانے کے درد اور پتھریاں دور کرنے کا علاج

سورہ انشراح

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۙ﴿۱﴾ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ۙ﴿۲﴾ الَّذِیْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ۙ﴿۳﴾ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ؕ﴿۴﴾ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا ۙ﴿۵﴾ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا ؕ﴿۶﴾ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۙ﴿۷﴾ وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ۠﴿۸﴾

اس عمل کی زکوٰۃ یہ ہے کہ شب جمعۃ المبارک ایک ہزار مرتبہ پڑھے۔ اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف قادری۔

پھر علاج کیلئے سات مرتبہ پڑھ کر سینے پر دم کریں یا ساخت بنا کر کھلائیں۔

(۹) دشمن کے شر سے حفاظت کا مفید عمل

اَللّٰهُمَّ انْصُرْنَا عَلٰى كُلِّ عَدُوٍّ صَغِيْرٍ وَّكَبِيْرٍ قَرِيْبٍ وَّبَعِيْدٍ ذَكَرٍ وَّاُنْثٰى حُرٍّ وَّعَبْدٍ شَاهِدٍ وَّغَآئِبٍ وَّضِيْعٍ وَّشَرِيْفٍ كَافِرٍ وَّمُسْلِمٍ وَّلَا تُسَلِّطْ عَلَيْنَا بِذُنُوْبِنَا مَنْ لَّا يَرْحَمُنَا وَكُفَّ اَيْدِيَ الظَّالِمِيْنَ عَنَّا شَرَّ اَعْدَآءِنَا بِحُرْمَةِ سَيِّدِ الْاَبْرَارِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

ایک ہزار مرتبہ پڑھیں اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف قادری۔ ریت پر دم کرکے دشمن کی طرف پھینکیں پھر بوقت ضرورت گیارہ

مرتبہ پڑھیں۔

(۱۰) اسقاطِ حمل سے حفاظت کا مجرّب تعویذ

وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِيْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ ﴿۱۲۷﴾ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ ﴿۱۲۸﴾ (النحل ۱۲۷۔۱۲۸)

زکوۃ: جمعۃ المبارک کی رات ایک ہزار بار پڑھیں

علاج: ایک کاغذ پر نو مرتبہ لکھیں ابتداء میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ اول آخر درود شریف۔ پھر اس کا تعویذ بنا کر عورت کے پیٹ پر باندھیں۔

(۱۱) سانپ بچھو وغیرہ موذی جانوروں اور حشرات سے حفاظت کا عمل

يَا اَيَّتُهَا الْحَيَّاتُ وَالْفَارَاتُ وَالْعَقَارِبُ وَالْمُؤْذِيَاتُ اِرْتَحِلُوْا عَنْ بُيُوْتِنَا وَزُرُوْعِنَا وَفُصُوْلِنَا وَاَثَاثِ بُيُوْتِنَا بِاِذْنِ اللّٰهِ تَعَالٰى فَاِنْ لَّمْ تَرْتَحِلُوْا عَنَّا فَاْذَنُوْا بِحَرْبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ

یہ دعا سات بار ریت پر دم کر کے متاثرہ مقامات پر پھینکیں۔

(۱۲) سر اور دانت کے درد اور ریاحی درد کا مؤثر علاج

ایک پاک تختی پر پاک ریت بچھا کر کسی کیل سے لکھیں

اَبْجَدْ هَوَّزْ حُطِّیْ

پھر مریض سے کہیں کہ وہ درد والی جگہ پر زور سے اپنی انگلی دبائے۔
آپ کیل کو زور سے الف پر دبا کر سورہ فاتحہ پڑھیں اور مریض سے درد کا حال پوچھیں اگر دور ہو گیا ہو تو بہت اچھا ورنہ اگلے حرف یعنی با پر کیل دبا کر سورہ فاتحہ پڑھیں۔
اسی طرح آگے بڑھتے رہیں، انشاء اللہ حروف ختم ہونے سے پہلے درد ختم ہو جائے گا۔

(۱۳) پھوڑا پھنسی اور ورم کا علاج

بِسْمِ اللّٰهِ بِتُرْبَةِ اَرْضِنَا بِرِيْقَةِ بَعْضِنَا يَشْفِيْ سَقِيْمَنَا رَبُّنَا

مٹی گیلی کر کے گیند کی طرح ایک گولا بنالیں اس پر دعاء تین یا سات بار پڑھ کر دم کریں۔ پھر اسے گیلا کر کے متاثرہ جگہ یا اس کے آس پاس دن میں دو چار بار مل لیا کریں۔

(۱۴) پیٹ کے درد کا نافع علاج

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لَا فِيْهَا غَوْلٌ وَّلَا هُمْ عَنْهَا

يُنْزَفُونَ ﴿٤٧﴾ (الصّٰفّٰت ۴۷)

یہ آیت تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور وہ پانی مریض کو پلا دیں یا کاغذ پر لکھ کر بطور تعویذ پیٹ پر باندھ دیں۔

(۱۵) ہیضہ، طاعون اور دیگر وبائی امراض کا علاج

سورۃ القدر (انا انزلنه فی لیلة القدر) تین مرتبہ پڑھ کر کسی چیز پر دم کر کے کھلا یا پلا دیں۔ انشاء اللہ شفاء ہوگی۔

(۱۶) تِلّی بڑھ جانے کا علاج

ذٰلِكَ تَخْفِيفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَ رَحْمَةٌ ؕ (البقرة ۱۷۸)

یہ آیت بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سمیت لکھ کر تلی کی جگہ باندھ دیں۔

(۱۷) قوت حافظہ کیلئے

رَبِّ اشْرَحْ لِي صَدْرِي ﴿٢٥﴾ وَيَسِّرْ لِي أَمْرِي ﴿٢٦﴾ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِي ﴿٢٧﴾ يَفْقَهُوا قَوْلِي ﴿٢٨﴾ (طٰہٰ ۲۵ تا ۲۸)

نماز فجر کے بعد ایک پاک کنکر منہ میں رکھ کر اکیس بار یہ آیت پڑھیں۔

چالیس روز تک روزانہ ایک بسکٹ یا روٹی کے ٹکڑے پر سورہ فاتحہ لکھ کر کھانے یا کھلانے سے بھی ذہن کو قوت اور ترقی نصیب ہوتی ہے۔

(۱۸) دل کی گھبراہٹ دور کرنے کا تعویذ

اَلَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا وَ تَطۡمَئِنُّ قُلُوۡبُهُمۡ بِذِکۡرِ اللّٰهِ ؕ اَلَا بِذِکۡرِ اللّٰهِ تَطۡمَئِنُّ الۡقُلُوۡبُ ؕ (الرعد ۲۸)

یہ آیت بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سمیت لکھ کر گلے میں باندھیں۔ ڈوری اتنی لمبی رکھیں کہ تعویذ دل پر پڑا رہے۔

(۱۹) ناف ٹل جانے کا مجرب علاج

اِنَّ اللّٰهَ یُمۡسِکُ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضَ اَنۡ تَزُوۡلَا ۬ۚ وَ لَئِنۡ زَالَتَاۤ اِنۡ اَمۡسَکَهُمَا مِنۡ اَحَدٍ مِّنۡۢ بَعۡدِهٖ ؕ اِنَّهٗ کَانَ حَلِیۡمًا غَفُوۡرًا ۝ (فاطر ۴۱)

یہ آیت بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے ساتھ لکھ کر ناف کی جگہ باندھیں۔ ناف اپنی جگہ آ جائے گی اور اگر باندھا رہنے دیں تو پھر نہیں ٹلے گی۔ اگر اس آیت کے ذریعہ دم کیا جائے تو بھی تیر بہدف ہے۔ دم کرتے وقت ناف پر ہاتھ پھیریں۔

(۲۰) بخار کا زود اثر علاج

بخار اگر سردی کے بغیر ہو تو یہ آیت لکھ کر چٹائیں اور پڑھ کر مریض پر دم کریں:

قُلۡنَا یٰنَارُ کُوۡنِیۡ بَرۡدًا وَّ سَلٰمًا عَلٰۤی اِبۡرٰهِیۡمَ ۝

(الانبیاء ۶۹)

اور اگر سردی کے ساتھ ہو تو یہ آیت لکھ کر چٹائیں اور مریض پر دم کریں:

بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا ۭ اِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝
(ہود ۴۱)

(۲۱) گلے کے امراض اور کنڈ مالہ کا شافی علاج

لِيَ اللّٰهُ لِيَ اللّٰهُ هُوَ يُوْكِعُ فِي اللَّوْحِ

زکوۃ: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر شب جمعرات پانچ سو مرتبہ پڑھیں اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود قادری۔

علاج: بوقت ضرورت گیارہ مرتبہ پڑھیں اور پانی وغیرہ پر دم کر کے پلادیں یا بسم اللہ سمیت یہ دعا لکھ کر گیارہ (ساخت) تعویذ بنائیں۔ مریض روزانہ ایک ساخت چاٹ (کھا) لے۔

(۲۲) ادائے قرض کی دو خاص دعائیں

(۱) اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ

(۲) اَللّٰهُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔ يَا رَحْمٰنَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَرَحِيْمَهُمَا تُعْطِيْهِمَا مَنْ تَشَآءُ وَتَمْنَعُهُمَا مِمَّنْ تَشَآءُ اِرْحَمْنِيْ رَحْمَةً تُغْنِيْنِيْ بِهَا عَنْ رَّحْمَةِ مَنْ سِوَاكَ

تاحصول مقصد ورد میں رکھیں۔

(۲۳) ہر قسم کے درد کو دور کرنے کا مجرب عمل

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ؕ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۝

(بنی اسرائیل ۱۰۵)

زکوٰۃ: شب جمعہ بعد نماز عشاء باوضو نو سو مرتبہ تخلیہ میں پڑھیں۔

علاج: تین دفعہ، سات دفعہ یا گیارہ دفعہ تیل پر پڑھ کر درد کی جگہ مالش کریں۔

(۲۴) اکہتر امراض کا زبردست علاج

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ دَآءٍ وَّدَوَآءٍ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

زکوٰۃ: شب جمعہ چودہ سو (۱۴۰۰) مرتبہ پڑھیں۔

علاج: (۱) گیارہ مرتبہ پڑھیں اول آخر درود قادری۔ (۲) پڑھ کر پانی پر دم کریں اور وہ پانی پئیں۔ (۳) پانی پر دم کر کے اس پانی سے غسل کریں۔ یہ اکہتر ۷۱ امراض کا مجرب علاج ہے۔ ان امراض میں شوگر، یرقان کی تمام اقسام، بلڈ پریشر، پتھری۔ یہاں تک کہ کینسر بھی شامل ہے۔

(۲۵) بے اولاد افراد کے لئے انمول تحفہ

مرد کے لئے ۴۱ عدد کالی مرچ اور ۴۱ عدد لونگ لیکر ان پر اکتالیس مرتبہ یہ آیت دم کریں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ وَالسَّمَآءَ بَنَيْنٰهَا بِاَيْىدٍ وَّ

اِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ ﴿۴۷﴾ (الذّٰریات ۴۷)

نیز اس آیت کے پینے والے اکتالیس تعویذ بھی بنائیں۔ رات کو سونے سے پہلے وہ بے اولاد مرد ایک دانہ کالی مرچ اور ایک دانہ لونگ کھائے اور اس کے بعد ایک تعویذ کو چاٹے اور اس کے بعد پانی نہ پیئے۔

عورت کے لئے ۴۱ عدد کالی مرچ ۴۱ عدد لونگ لیکران پر اکتالیس مرتبہ یہ آیت دم کریں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ وَ الْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ ﴿۴۸﴾ (الذّٰریات ۴۸)

نیز اس آیت کے پینے والے اکتالیس تعویذ بھی بنائیں، رات کو سونے سے پہلے وہ بے اولاد عورت ایک دانہ کالی مرچ اور ایک دانہ لونگ کھائے اور اس کے بعد ایک تعویذ چاٹے اور اس کے بعد پانی نہ پیئے۔

انشاءاللہ، اللہ تعالیٰ کا فضل ہوجائے گا۔

تنبیہ: عورت ماہواری کے ایام میں کالی مرچ، لونگ اور تعویذ استعمال نہ کرے بلکہ ان ایام میں ناغہ کرکے صرف پاکی کے دنوں میں یہ چیزیں استعمال کرے۔

(۲۶) بچوں کے رونے کا علاج

وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا ﴿۱۰۸﴾

(طٰہٰ ۱۰۸)

یہ آیت تین مرتبہ یا سات مرتبہ بچے پر دم کرے یا پینے کے تعویذ بنا کر پلائے یا تعویذ لکھ کر گلے میں لٹکا دے۔

(۲۷) بچوں کے جلدی امراض کا علاج

اِعْصَارٌ فِیْهِ نَارٌ فَاحْتَرَقَتْ (البقرۃ ۲۶۶)

(۱) طاق عدد میں پڑھ کر مریض پر دم کریں
(۲) یا پینے کے ۴۱ تعویذ بنا کر پلائیں (ہر دن ایک تعویذ)
(۳) پانی پر دم کرے پھر مریض کو کسی بڑے برتن میں کھڑا کر کے اس پر یہ پانی ڈالیں۔ پھر استعمال شدہ پانی کسی پاک جگہ پھینک دیں۔

(۲۸) گھریلو اختلافات دور کرنے کا عمل

وَلَهٗۤ اَسْلَمَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّ اِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ ﴿۸۳﴾ (ال عمران ۸۳)

زکوٰۃ: بدھ کی رات گیارہ سو مرتبہ اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود قادری کے ساتھ پڑھیں۔

علاج: گیارہ مرتبہ یہ دعاء پڑھ کر کسی چیز پر دم کر کے کھلا یا پلا دیں۔

(۲۹) سانپ، بچھو اور زہریلے جانوروں کے ڈسنے کا علاج

شَجَّةٌ قَرِيْنَةٌ مِلْحَةٌ بَحْرٍ تَفَقَطَا

زکوٰۃ: کسی بھی رات دو ہزار بار پڑھیں۔

علاج: پانی میں نمک ڈال کر اس پر گیارہ مرتبہ یہ دعاء اوّل آخر گیارہ گیارہ

مرتبہ درود قادری پڑھ دم کریں وہ دم شدہ پانی متاثرہ مقام پر ڈالیں اس کے بعد پیاز کا چھلکا گرم کر کے اس پر یہ دعاء پڑھ کر دم کریں اور وہ چھلکا زخم پر رکھ دیں۔

(۳۰) حل مشکلات کیلئے ایک بہترین دعاء

یَا رَبِّ اَنْتَ صَمَدِیْ وَمِنْکَ مَدَدِیْ وَعَلَیْکَ مُعْتَمَدِیْ

زکوٰۃ: جمعہ کی رات ایک ہزار مرتبہ پڑھیں۔ اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود قادری۔

معمول: پھر روزانہ پندرہ مرتبہ یا اکیاون مرتبہ پڑھتے رہیں اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود قادری۔

(۳۱) سر کے جملہ امراض کا علاج

ہر فرض نماز کے بعد دایاں ہاتھ سر پر رکھ کر ایک سانس میں گیارہ مرتبہ پڑھیں:

یَا قَوِیُّ

یہ دعا سر کے جملہ امراض کے لئے کافی وشافی ہے مثلاً دماغی ٹینشن مرگی وغیرہ

(۳۲) آنکھوں کے ہر مرض کا علاج

ہر فرض نماز کے بعد دایاں ہاتھ پیشانی پر رکھ کر گیارہ مرتبہ ایک سانس میں پڑھیں: یَا نُوْرُ

یہ آنکھوں کے ہر مرض کیلئے کافی وشافی ہے اور اس سے نظر بالکل صحیح ہوجاتی ہے۔

---

(۳۳) سر کی حفاظت اور ذہانت کا مجرب عمل

ہر فرض نماز کے بعد گیارہ مرتبہ پڑھیں:

یَا حَافِظُ یَا حَفِیْظُ

یہ سر کی حفاظت اور ذہانت کے لئے مجرب ہے۔ ان دونوں الفاظ کا ایک سانس میں پڑھنا ضروری نہیں ہے۔

(۳۴) اہل خاندان کی باہمی محبت کیلئے

وَلَهٗٓ اَسْلَمَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّاِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ ۝ (ال عمران ۸۳)

هُوَ الَّذِیْٓ اَيَّدَكَ بِنَصْرِهٖ وَبِالْمُؤْمِنِيْنَ ۝ وَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِی الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَيْنَهُمْ اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝ (الانفال ۶۲، ۶۳)

يَا رَحْمٰنَ كُلِّ شَیْءٍ وَّرَاحِمَهٗ اَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اَعِزَّةٍ عَلَى الْكَافِرِيْنَ۔

یہ روزانہ اکتالیس مرتبہ پڑھیں یا کھانے پینے کی اشیاء پر گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کر کے سب گھر والوں کو کھلائیں پلائیں۔

(۳۵) اسقاط حمل سے حفاظت کا تعویذ

اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا ۚ

وَلَئِنْ زَالَتَآ اِنْ اَمْسَكَهُمَا (فاطر ۴۱)

اس آیت کے ۴۱ پینے والے تعویذ بنائیں پھر روزانہ اس میں سے ایک تعویذ حاملہ عورت چاٹ لے اور حفاظت حمل کا تصور کرے۔

(۳۶) تسہیل ولادت کے لئے

وَاَلْقَتْ مَا فِيهَا وَتَخَلَّتْ ۝۴ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ۝۵

(انشقاق ۵،۴)

گیارہ مرتبہ پڑھ کر کسی کھانے پینے کی چیز پر دم کر کے عورت کو کھلا پلا دیں اور پانچ یا سات پینے کے تعویذ بنا کر اسے چٹائے۔

(۳۷) غصہ اور ہائی بلڈ پریشر کا علاج

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ دَآءٍ وَّدَوَآءٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

زکوٰۃ: جمعرات کی رات (یعنی لیلۃ الخمیس) ایک ہزار بار۔

علاج: بوقت ضرورت گیارہ مرتبہ

(۳۸) نسخہ استقامت

وَّرَبَطْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ (الکہف ۱۴)

ہر فرض نماز کے بعد گیارہ مرتبہ روزانہ پڑھیں

یہ ذکر، عبادت، تلاوت اور دیگر دینی امور میں دلجمعی اور استقامت کیلئے مفید ہے۔

(۳۹) بے خوابی کا علاج

وَتَحْسَبُهُمْ اَيْقَاظًا وَّهُمْ رُقُوْدٌ (الکہف ۱۸)

گیارہ مرتبہ پڑھ کر اپنے ہاتھ پر دم کریں اور پھر ہاتھ کو دل پر پھیر دیں اور سنت طریقے کے مطابق لیٹ جائیں انشاءاللہ خوب نیند آئے گی۔

(۴۰) ہر مرض کے علاج کے لئے

فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان ۴۱ بار سورہ فاتحہ پڑھیں، ہر مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اور پوری سورت ایک سانس میں پڑھیں اور آخر میں آمین نہ کہیں۔

(۴۱) کئی بڑے امراض کا علاج

فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان تمام حروف تہجی (الف سے یا تک) ۴۱ بار پڑھیں اور ہر بار الف سے یا تک ایک سانس میں پڑھیں۔

یہ خصوصی طور پر دمہ، کھانسی، سانس کے امراض، نزلہ، زکام وغیرہ کا علاج ہے اور آنکھوں کی روشنی کے لئے بھی مفید ہے۔

۴۱ بار پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں یا اپنی ہتھیلی پر دم کر کے اسے بدن پر پھیر دیں۔

(۴۲) دشمن کے شر سے حفاظت کیلئے خاص عمل

روزانہ ۵۱ مرتبہ یہ دعاء پڑھیں:

يَارَبِّ اِدْفَعِ الْعَظِيْمَ بِالْعَظِيْمِ وَاَنْتَ اَعْظَمُ

مِنْ كُلِّ عَظِيْمٍ

اوّل آخر طاق عدد میں درود قادری۔

(۴۳) ایک جامع دعاء

اَللّٰهُمَّ اَفْرِدْنِیْ لِمَا خَلَقْتَنِیْ لَهٗ وَلَا تَشْغَلْنِیْ بِمَا تَكَفَّلْتَ لِیْ بِهٖ وَلَا تَحْرِمْنِیْ وَاَنَا اَسْئَلُكَ وَلَا تُعَذِّبْنِیْ وَاَنَا اَسْتَغْفِرُكَ۔

زکوٰۃ: شب جمعہ ایک ہزار مرتبہ پڑھیں اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود قادری۔

معمول: پھر روزانہ گیارہ مرتبہ ورد میں رکھیں اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود قادری۔

اس دعاء میں چار جملے ہیں پہلے جملے کا مطلب یہ ہے کہ اے میرے پروردگار مجھے اس کام کے لئے فارغ فرما دیجئے جس کے لئے آپ نے مجھے پیدا فرمایا ہے۔ اس میں اشارہ ہے وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِیَعْبُدُوْنَ کی طرف کہ آپ نے مجھے اپنی عبادت اور بندگی کے لئے پیدا فرمایا ہے تو پھر مجھے، ہر اعتبار سے اس کام (یعنی عبادت و بندگی) میں لگا دیجئے۔ دوسرے جملے کا مطلب ہے کہ اے پروردگار! مجھے اس چیز میں مشغول نہ فرمائیے جس کی آپ نے میرے بارے میں خود ذمہ داری لے لی ہے۔ اس میں اشارہ ہے: نَحْنُ نَرْزُقُكَ کی طرف کہ یا اللہ روزی دینے کا آپ نے وعدہ فرمایا ہے۔ اب مجھے اس کام میں مشغول، پریشان اور سرگردان نہ ہونے دیجئے۔ تیسرے جملے کا مطلب ہے کہ مجھے دعاء کی قبولیت سے محروم نہ فرمائیے۔ یعنی میری دعاؤں اور حاجات کو جلد پورا فرماتے رہیے اور چوتھے جملے کا مطلب ہے مجھے

عذاب نہ دیجئے جبکہ میں استغفار کررہا ہوں یعنی مجھے استغفار کی توفیق دیتے رہیئے اور میرے استغفار کو قبول فرما کر مجھے کسی بھی طرح کے عذاب کا مستحق نہ بنائیے عذاب گناہوں کی وجہ سے آتا ہے پس مجھے گناہوں سے پاک فرمادیجئے۔

(۴۴) غائب یعنی گمشدہ کی واپسی کا عمل

فَرَجَعْنٰكَ اِلٰٓى اُمِّكَ كَیْ تَقَرَّ عَیْنُهَا وَ لَا تَحْزَنَ ؕ وَ قَتَلْتَ نَفْسًا فَنَجَّیْنٰكَ مِنَ الْغَمِّ وَ فَتَنّٰكَ فُتُوْنًا ۫ فَلَبِثْتَ سِنِیْنَ فِیْۤ اَهْلِ مَدْیَنَ ۙ۬ ثُمَّ جِئْتَ عَلٰى قَدَرٍ یّٰمُوْسٰى ۝ (طٰہٰ ۴۰)

یہ آیت لکھ کر چرخہ کے ساتھ باندھ دیں اور روزانہ صبح کی نماز کے بعد اسے سو مرتبہ الٹا چکر دیں۔ مقصد پورا ہونے تک یہ عمل جاری رکھیں۔

(۴۵) عذاب قبر سے حفاظت

جو شخص سورۃ الملک ہمیشہ پڑھے گا انشاء اللہ عذاب قبر سے محفوظ رہے گا۔

(۴۶) مال و دولت برقرار رکھنے کے لئے

جو ہمیشہ سورہ قٓ پڑھے گا اس کا مال و دولت برقرار رہے گا اور جو لکھ کر ساتھ رکھے گا تہی دست نہیں ہوگا۔

(۴۷) خطرات سفر سے حفاظت

سورہ عبس سفر پر جانے سے قبل یا راستے میں پڑھ لیں انشاءاللہ ہر خطرے سے حفاظت رہے گی۔

(۴۸) قدر و منزلت بڑھانے کے لئے

اَلْجَلِیْلُ (جل شانہ) بکثرت پڑھنے سے قدر و منزلت زیادہ ہوگی۔

(۴۹) برائے نور بصیرت

اَلْھَادِیُ (جل شانہ) کا بکثرت ورد کرنے سے نور بصیرت عام ہو جائے گا۔

(۵۰) کاروبار اور رزق حلال میں برکت کے لئے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔

جَآءَتْ لِدَعْوَتِہٖ الْاَشْجَارُ سَاجِدَۃً

تَمْشِیْ اِلَیْہِ عَلٰی سَاقٍ بِلَا قَدَمٖ

زکوٰۃ: شب جمعہ ایک ہزار بار اس طرح پڑھیں کہ ہر دس کے بعد یہ شعر پڑھیں:

مَوْلَایَ صَلِّ وَسَلِّمْ دَآئِمًا اَبَدًا

عَلٰی حَبِیْبِکَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّھِمٖ

معمول: بوقت ضرورت گیارہ مرتبہ پڑھ لیا کریں۔ اول آخر گیارہ دفعہ درود شریف قادری۔

(۵۱) گونگے پن کا علاج

خَلَقَ الْاِنْسَانَ ﴿۳﴾ عَلَّمَهُ الْبَيَانَ ﴿۴﴾ (الرحمٰن ۳، ۴)

وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ ﴿۲۷﴾ يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ ﴿۲۸﴾

(طٰہٰ ۲۷، ۲۸)

مریض کو پانی پر دم کر کے پلائیں یا مع تسمیہ ۴۱ ساشت بنا کر روزانہ ایک ساشت کھلائیں، انشاء اللہ زبان کھل جائے گی۔

(۵۲) ستر بیماریوں کا علاج

وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

مریض پر مع تسمیہ پڑھ کر دم کرتے رہیں۔ جنون، جذام، بواسیر بادی، برص وغیرہ ستر بیماریوں کا علاج ہے۔ مریض خود بھی پڑھ کر دم کر سکتا ہے۔

(۵۳) فقر سے نجات اور کشائش رزق کا عمل

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ

دن رات میں ۱۰۰ مرتبہ پڑھیں۔ انتہائی مجرب ہے۔

(۵۴) باولے کتے کے کاٹے ہوئے کا علاج

سورہ فاتحہ مع تسمیہ (بسم اللہ الرحمٰن الرحیم)

ذکوۃ: اکتالیس دن تک روزانہ فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان

